Empowered Learning
•EDINBVRGH•
THE CITY OF EDINBURGH COUNCIL
CGI

# ہوم اسکول کا معاہدہ

سٹی آف ایڈنبرگ کونسل کی ایک پرعزم اور مشمول تعلیمی حکمت عملی ہے جسے "Edinburgh Learns for Life" (ایڈنبرگ زندگی بھر کی تعلیم) کہتے ہیں۔ ایمپاورڈ لرننگ پروگرام جو اس حکمت عملی کا حصہ ہے، کا مطلب ہے کہ سٹی اور ایڈنبرگ کونسل بھر میں P6-S6 میں موجود لرنرز (سیکھنے والے افراد) کو تعلیم میں معاونت کے لئے آئی پیڈ فراہم کیا جائے گا۔

آئی پیڈ درج ذیل طریقے سے اسکول پر اور گھر پر تعلیم میں مدد کرے گا اور اضافہ کرے گا:

- تیزی سے بدلتی ہوئی ڈیجیٹل دنیا میں لرنرز کو کامیابی کے لئے تیار کرنا۔
- ذاتی اور تبدیلی لانے والی تعلیم و تدریس کا موقع دینا۔
- ہمارے ٹیکنالوجی سے بھرے معاشرے میں کامیابی کے حصول کے لئے تعلیم، سوچ اور ڈیجیٹل خواندگی کے ہنر پیدا کرنا۔
- کلاس روم سے باہر تعلیم، بہتر معاونت اور اشاعت میں اضافہ کرنا۔
- تعلیمی عمل میں والدین کے مزید شامل ہونے کو فعال کرنا۔
- بڑے پیمانے پر وسائل سے تازہ ترین، درست معلومات کی فراہمی۔

دیا گیا آئی پیڈ سٹی آف ایڈنبرگ کونسل کی ملکیت ہے اور اسے کونسل کے موبائل ڈیوائس منیجمنٹ سسٹم سے ٹریس کیا جا سکتا ہے۔

ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریقین - لرنرز، شراکت دار/نگہداشت کنندگان اور اسکول - درج ذیل کیفیات سے متفق ہوں:

## لرنرز (سیکھنے والے)

میں درج ذیل سے متفق ہوں:

- اسکول کے ذمہ دار استعمال کے معاہدے کے تمام شرائط و ضوابط کی پیروی کرنا۔
- اپنے آئی پیڈ کا ہر وقت احتیاط سے خیال رکھنا۔
- ہر رات آئی پیڈ کو چارج کرنا اور اسے روزانہ اسکول لے کر آنا، ماسوائے یہ کہ اس کے علاوہ کچھ کہا جائے۔
- اپنا آئی پیڈ چارج کرنے کے لئے ہمیشہ دیا گیا چارجر اور کیبل استعمال کرنا۔
- قبول کرنا کہ اگر میں اپنا آئی پیڈ گھر چھوڑ آؤں تو میرے اساتذہ توقع رکھیں گے کہ میں متبادل ذرائع استعمال کروں۔
- ہمیشہ اپنا آئی پیڈ دیے گئے کیس میں رکھنا اور کلاس سے باہر اسے مناسب اسکول بیگ میں رکھنا۔
- کلاس کے دوران اپنے استاد کی ہدایت کے مطابق آئی پیڈ استعمال کرنا اور استاد کے کہنے پر اسے بند کرنا یا واپس رکھنا۔
- اسکول یا گھر کے مشترکہ نشستوں والے حصوں میں اپنے آئی پیڈ کو خودمختار پڑھائی کے لئے استعمال کرنا۔
- کبھی کھیل کے میدان میں، کلاسوں کے درمیان چلتے ہوئے یا اسکول آتے جاتے ہوئے اپنا آئی پیڈ استعمال نہ کرنا۔
- کبھی کسی اور لرنر کو اپنا پاس کوڈ یا اپنا آئی پیڈ نہ دینا۔
- کبھی اپنے آئی پیڈ سے کسی اثاثے کے ٹیگز یا سکیورٹی کے نشانات نہ اتارنا۔
- اپنے آئی پیڈ پر کسی کو تصویریں نہ بنانے دینا۔

- کبھی کسی فریق ثالث کے پروگرامز یا ٹولز کو اپنے آئی پیڈ کی کنفگریشن تبدیل کرنے کے لئے استعمال نہ کرنا۔
- اسکول میں ہونے والے ہر ضرر، نقصان یا چوری کی اطلاع admin@clermiston.edin.sch.uk کو دیں۔
- admin@clermiston.edin.sch.uk کو تمام تکنیکی مسائل کی اطلاع دیں۔
- یقینی بنائیں کہ آئی پیڈ پر کیا گیا تمام کام ون ڈرائیو یا آئی کلاؤڈ میں محفوظ ہو تاکہ اسے بیک اپ کیا گیا ہو۔

**والدین/نگہداشت کنندگان**

میں درج ذیل سے متفق ہوں:

- یقینی بنانا کہ میرا بچہ اپنے آئی پیڈ کا خیال رکھے اور احترام کرے۔
- اپنے بچے کو اسکول کا فراہم کردہ مینیجڈ ایپل آئی ڈی مائکروسافٹ 365 اکاؤنٹ اور اسکول کے عملے کے مناسب قرار دیے گئے دیگر آن لائن ٹولز استعمال کرنے کی اجازت دینا۔
- فوری طور پر اسکول میں ہونے والے ہر نقصان یا چوری کی پہلے پولیس کو اور پھر اسکول کو اطلاع دینا۔ پولیس سے واقعہ نمبر حاصل کیا جانا چاہیے۔
- اپنے بچے کو اس کے یوزرنیمز اور پاسورڈز کی رازداری برقرار رکھنے میں مدد دینا۔ لاگ ان کی تفصیلات بچے کی پراپرٹی ہیں اور صرف بچے کے استعمال کے لئے ہیں۔
- یقینی بنانا کہ آئی پیڈ کو صرف وہ بچہ استعمال کرے جسے اسکول نے آئی پیڈ مہیا کیا ہے۔
- اپنے بچے کے گھر پر آئی پیڈ کے استعمال کی نگرانی کرنا، تاکہ یقینی بن سکے کہ مناسب ویب سائٹس تک رسائی لی جا رہی ہے، تاکہ وہ آن لائن محفوظ رہے اور ذمہ دار سائبر شہری کا کردار ادا کرے۔
- اگر میرا بچہ اسکول چھوڑے یا کسی اور وقت عملے کا سینیئر رکن درخواست کرے تو یقینی بنانا کہ اسکول کو آئی پیڈ لوٹا دیا جائے۔
- اسکول چھوڑنے کے بعد آئی پیڈ اور لوازمات لوٹانے تک اسکول کو سزا دینے کی اجازت دینا۔
- حالات کے مطابق کھوئے یا گھے ہوئے چارجر/کیبل/کیس کے تبادلے میں حصے کی ادائیگی کرنا۔
- حالات کے مطابق آئی پیڈ کو نقصان پہنچنے یا کھو جانے پر حصے کی ادائیگی کرنا۔ پہلے واقعے پر یہ حصہ 50 فیصد ہو گا اور مزید واقعات پر 100 فیصد ہو گا، جبکہ زیادہ سے زیادہ رقم £150 ہو گی۔

**اسکول**

درج ذیل سے متفق ہے:

- ہر لرنر کو آئی پیڈ فراہم کرنا اور کئی آن لائن تعلیمی وسائل تک رسائی فراہم کرنا۔
- لرنرز کو آئی پیڈ کے استعمال اور نگہداشت کا تعارف فراہم کرنا۔ اس میں ڈیوائس سکیورٹی، ڈیجیٹل تحفظ اور سائبر مضبوطی، دیکھ بھال اور صحت و تحفظ پر ایک سیشن شامل ہو گا۔
- لرنرز کو اسکول میں اور گھر پر سیکھنے کے کئی مواقع فراہم کرنا جن میں آئی پیڈ کا استعمال شامل ہو۔
- دستیاب ایپس کی فہرست، ڈیوائس مینجمنٹ اور مناسب ویب فلٹرنگ کا انتظام کرنا۔
- والدین/نگہداشت کنندگان کو بچے کے آئی پیڈ کے استعمال میں مدد دینے کے لئے جاری مشورہ فراہم کرنا۔
- یقینی بنانا کہ آئی پیڈ چل رہا ہو اور آئی پیڈ کی مرمت تیز اور مؤثر طریقے سے انجام دی جائے۔
- اسکول میں انٹرنیٹ تک وائرلیس رسائی فراہم کرنا۔ اسکول کے اوقات کے دوران ضرورت ہونے پر لرنرز کو انٹرنیٹ استعمال کرتے ہوئے ہوم ورک مکمل کرنے/تحقیق کرنے کے قابل بنانے کے لئے اجازت دی جائے گی۔ جب اسکول سے

باہر انٹرنیٹ استعمال کیا جائے تو اسکول اس میں شامل کسی اخراجات یا رسائی لیے گئے مواد کے لئے ذمہ دار نہیں ہو گا۔

- لرنرز اور والدین/نگہداشت کنندگان کے لئے سوالنامے جاری کرنا، جو ہمیں آئی پیڈز کے جاری تجزیے میں مدد دیں گے اور یقینی بنائیں گے کہ ان کا استعمال اعلی معیار کی تعلیم و تدریس میں حصہ دار ہو۔

**ممکنہ سزائیں**

ہم توقع رکھتے ہیں کہ متعلقہ فریقین: لرنرز، والدین/نگہداشت کنندگان اور اسکول، اس معاہدے میں درج تمام اصولوں اور طریقہ کاروں کی پیروی کریں گے۔ اگر کوئی لرنر یہ اصول توڑے تو اسکول کسی بھی اسکول ICT ادارے میں اس کی رسائی محدود یا ختم کر سکتا ہے۔ خاص کر اس صورت میں:

- اگر کوئی لرنر مستقل استاد کی ہدایات پر عمل کرنے یا کام کرنے سے انکار کرے تو اسے کہا جا سکتا ہے کہ آئی پیڈ رکھ دے اور باقی کے سبق میں متبادل ذرائع استعمال کرتے ہوئے کام کرے۔
- اسباق کے دوران آئی پیڈ کے مسلسل نامناسب استعمال اور استاد کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کے نتیجے میں عملے کے سینئر ارکان کو اطلاع دی جائے گی اور وہ پھر مناسب کاروائی کریں گے۔
- اگر کوئی لرنر نامناسب طریقے سے انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرے تو کچھ وقت تک اس کے اسکول میں انٹرنیٹ کے استعمال پر پابندی لگائی جا سکتی ہے۔ ایسا ہونے پر والدین/نگہداشت کنندگان کو اطلاع دی جائے گی۔
- اگر کوئی لرنر مسلسل یا سنگین طریقے سے آئی پیڈ کا غلط استعمال کرے تو سینیئر لیڈرشپ ٹیم کا رکن کچھ وقت تک اسے لے لے گا۔ ایسا ہونے پر والدین/نگہداشت کنندگان کو اسکول بلا کر یہ معاملہ حل کرنے میں ان کی مدد لی جائے گی۔
- شدید حالات میں مستقل طور پر آئی پیڈ لیا جا سکتا ہے۔

## براہ کرم صفحہ 4 پر موجود فارم مکمل کریں اور اسے اسکول میں واپس کریں

# Home School Agreement

# ہوم اسکول کا معاہدہ

| **Learner Agreement**<br>**لرنر (سیکھنے والے) کا معاہدہ** | *I agree to abide by these terms in my use of the iPad*<br>*میں آئی پیڈ کے استعمال میں ان شرائط کی پیروی کرنے سے متفق ہوں* |
|---|---|
| Name<br>نام | |
| Key Adult Group / Class<br>کلیدی بالغ گروپ / کلاس | |
| Signature<br>دستخط | |
| Date<br>تاریخ | |

| **Parent/Carer Agreement**<br>**والد/والدہ/نگہداشت کنندہ کا معاہدہ** | *I agree to my child having the use of the iPad on these terms*<br>*میں اپنے بچے کے آئی پیڈ کے استعمال میں ان شرائط کی پیروی کرنے سے متفق ہوں* |
|---|---|
| Name<br>نام | |
| Signature<br>دستخط | |
| Date<br>تاریخ | |

| **School Agreement**<br>**اسکول کا معاہدہ** | *I agree on behalf of the school to provide an iPad on these terms*<br>*میں اسکول کی جانب سے ان شرائط پر آئی پیڈ فراہم کرنے سے متفق ہوں* |
|---|---|
| Signature<br>دستخط | |
| Date<br>تاریخ | |